Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(نمبر ۱) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۴ ربیع الاول ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۵ مئی ۱۹۳۷ء (جلد ۲۹)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ
(۱)	تقرر خان صاحب سید ضمیر احمد صاحب ہاشمی بعہدہ پرائیویٹ سکریٹری	۲
(۲)	روانگی بمقام منصوری اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم بتاریخ ۱۷ مئی ۱۹۳۷ء	۲
۳	منظوری انتخاب چیرمین میونسپل بورڈ حاجی نور النبی خان صاحب	۳
۴	رہائی قیدیاں بتقریب جشن تاج پوشی ملک معظم قیصر ہند	۳ و ۴

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	تقرر مس میسی برآسامی نرس زنانہ شفاخانہ	۵
۲	تقرر ڈاکٹر عبد الرحیم ایل۔ ایس۔ ایم۔ ایف برآسامی سب اسسٹنٹ سرجن ماطہ کھیڑہ ڈسپنسری۔	〃
۳	منظوری رخصت ڈاکٹر ایس۔ بی واحدی صاحب اسسٹنٹ سرجن۔	〃
۴	منظوری آسامی عہدہ منصرم کوٹھیات قلعہ معلی	۶
۵	منظوری مستقل پنشن بابو شیام بہادر صاحب سابق کار دفتر...	〃
۶	منظوری توسیع بمدت ملازمت بابو روپ چند۔ سپرد آرڈر ایر کنڈیشن پلانٹ	۶
	(متفرق آرڈرزان اسٹیٹ کونسل)	۷

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۳۰ راپریل سنہ ۱۹۳۰ء

سید محمد عباس زیدی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کی مدت ڈیپوٹیشن ۳۰ راپریل سنہ ۱۹۳۰ء کو ختم ہو جائے گی۔ ان کی بجائے گورنمنٹ یو۔پی سے خان صاحب سید ضمیر احمد صاحب ہاشمی ڈپٹی کلکٹر یوپی کی خدمات ایک سال کے لئے مستعار حاصل کی گئی ہیں۔ سید ضمیر احمد صاحب ۱۵ رمئی سے قبل گورنمنٹ میں اپنے عہدہ کا چارج نہ دے سکیں گے۔ اور رامپور میں سید ضمیر احمد صاحب کے چارج لینے کے بعد سید محمد عباس زیدی صاحب کو کچھ عرصہ رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ تاکہ وہ سید ضمیر احمد صاحب کو اچھی طرح کام سمجھا دیں۔ لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

(۱) خان صاحب سید ضمیر احمد صاحب ہاشمی کا تقرر تاریخ کارکردگی سے بعہدہ ریونیو سکریٹری بشرائط تحت منظور کیا جاتا ہے

(الف) تنخواہ آٹھ سو باسٹھ روپیہ آٹھ آنہ ماہوار (جس میں فی صدی ڈیپوٹیشن الاونس شامل ہے) پائیں گے۔ اور جب گورنمنٹ میں ان کا اضافہ واجب ہوگا اس رقم اضافہ پر بیس فیصدی اضافہ ہو کر یہاں بھی تنخواہ میں اضافہ دیا جائے گا۔

(ب) پچیس روپیہ ماہوار سواری الاونس ملے گا۔

(ج) رہائش کے لئے مکان ریاست سے ملے گا۔

(د) سفر خرچ بموجب قواعد ریاست پائیں گے۔

(ہ) جوائننگ ٹائم کی تنخواہ بموجب مشاہرہ گورنمنٹ دیجائیگی۔

(و) حق رخصت و پنشن ریاست سے ادا ہوگا۔

(۲) سید محمد عباس زیدی صاحب کو کچھ عرصہ رامپور کی ملازمت پر رکھنے کی منظوری دیجاتی ہے۔ موجودہ تنخواہ ملے گی۔ اور رخصت و پنشن بھی ادا کیا جائے گا۔

(۳) خان صاحب سید ضمیر احمد صاحب کے رامپور میں چارج لینے کے بعد سید محمد عباس صاحب افسر آن اسپیشل ڈیوٹی کے عہدہ پر موسوم ہوں گے۔

(۴) سید محمد عباس زیدی صاحب نے رامپور میں خدمات متعلقہ نہایت قابلیت وفاداری اور انتہائی محنت و جانفشانی کے ساتھ انجام دی ہیں۔ اپنے ماتحتوں افسران ریاست و عام پبلک کے ساتھ ان کا طرز عمل خوش اخلاقی اور بردباری پر مبنی رہا ہے۔ بندوبست کے سلسلہ میں ان کی خدمات نہایت عمدہ اور قابل قدر ہیں۔ ما بدولت واقبال ان کے کام سے ہمیشہ خوش رہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے کارروائی جناب صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم)

سررشتہ متعلقہ احکام مندرجہ بالا جاری ہوں۔ بعد اجراء احکام کاغذات واپس دارالانشاء کے جائیں۔

(دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر)

ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھجوا دیجائے
ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر کے پاس مرسل ہو۔

۱۳ / مئی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:-

داخلہ ۱۰ / مئی ۱۹۳۶ء

عبدالواجد خاں صاحب برادر عبدالکریم خاں صاحب ملٹری سکریٹری کی شادی بتاریخ ۱۹ / مئی قرار پائی ہے لہذا بدولت و اقبال ۲۰ / مئی کو منعطف فرمائے مسوری ہونگے بقیہ انتظامات حسب روبکار صادرہ ۲ / مئی ۱۹۳۶ء بدستور رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:-

داخلہ ۱۱ / مئی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ انتخاب چیرمین (حاجی نور النبی خاں صاحب) میونسپل بورڈ کی منظوری دیجاتی ہے۔
کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر عرضی — سیر سانحہ

جناب عالی

جلسہ خاص میونسپل بورڈ منعقدہ ۱۰ / مئی ۱۹۳۶ء میں برائے مدت موجودہ۔ بعد ووٹنگ کثرت آرا سے حاجی نور النبی خاں صاحب (سابق چیرمین) کو چیرمین میونسپل بورڈ منتخب کیا ہے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ترقی خواہ ہے کہ انتخاب چیرمین میونسپل بورڈ کی منظوری کا حکم پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۱ / مئی ۱۹۳۶ء

سررشتہ صدر سے حسب منشائے حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔

۱۱ / مئی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:-

داخلہ ۱۱ / مئی ۱۹۳۶ء

بتقریب جشن تاج پوشی ملک معظم قیصر ہند مصرحہ ذیل بارہ قیدیان کو بمعافی بقیہ قید جیل سے رہا کیا جانا منظور ہے۔ کل ۱۲ / مئی کو رہا کیا جائے۔

نمبر شمار	نام قیدی معہ ولدیت و سکونت	جرم
۱	مصری لال ولد کاشی رام ساکن پل پورہ تھانہ پٹوائی۔	دفعہ ۳۲۵ / ۱۴۷ / ۱۴۹ / ۳۰۴ تعزیرات ہند
۲	اشرفی لال ولد چنی لال ساکن مجھیا تھانہ پٹوائی	بشرح صدر
۳	رام اوتار ولد اشرفی لال ساکن مجھیا تھانہ پٹوائی	بشرح صدر
۴	رام بہادر ولد پیارے لال ساکن مجھیا تھانہ پٹوائی	بشرح صدر
۵	بلدیو پرشاد ولد بدھو ساکن مجھیا تھانہ پٹوائی	بشرح صدر
۶	رنگی لال ولد کنجن لال ساکن مجھیا تھانہ پٹوائی	بشرح صدر

نمبر شمار	نام قیدی معہ ولدیت وسکونت	جرم
۷	ڈنگی لال ولد کنجن لال ساکن بھجیا تھانہ پٹوائی	دفعہ ۳۲۵/ ۱۴۷/ ۱۴۹/ ۳۰۴ تعزیرات ہند
۸	چھوٹے لال ولد کاشی رام ساکن بھجیا تھانہ پٹوائی	بشرح صدر
۹	بانکے لال ولد بھولا سنگھ ساکن بھجیا تھانہ پٹوائی	بشرح صدر
۱۰	منالال ولد ایشری پرشاد ساکن بھجیا تھانہ پٹوائی	بشرح صدر
۱۱	جیون ولد سوبھے ساکن بھجیا تھانہ پٹوائی	بشرح صدر
۱۲	جیبہ ولد سکندر بیگ ساکن موضع رتن پورہ تھانہ شوار	دفعہ ۳۰۷/ ۵۱۱ تعزیرات ہند

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

—

اصل روبکار ہذا بغرض تعمیل حسب منشاء حکم ہمایوں بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل مرسل ہو۔ سررشتہ سے ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔

۱۱ مئی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقعہ ۱۴ مئی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ مئی ۱۹۳۶ء میں کاغذات رزالی عیسی باشندہ علاقہ غیر برآسامی نرس زنانہ شفاخانہ ناہرہ پچیس روپیہ امتحاناً برائے یک سال پیش ہو کر طے پایا کہ:—

حسب اتفاق سروس سلکشن بورڈ۔ لالی عیسی باشندہ علاقہ غیر کا تقرر امتحاناً برائے یکسال بمشاہرہ پچیس روپیہ زنانہ شفاخانہ کی آسامی نرس پر منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقعہ ۱۴ مئی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ مئی ۱۹۳۶ء میں کاغذات ڈاکٹر عبدالرحیم ایل۔ ایس۔ ایم۔ ایف باشندہ مرادآباد برآسامی ڈسپنسری مشاہرہ دو سو روپیہ امتحاناً برائے یکسال ازیوم کارکردگی اسسٹنٹ سرجن بعہدہ ٹھیکیدار ڈسپنسری پیش ہو کر طے پایا کہ۔

حسب اتفاق سروس سلکشن بورڈ۔ ڈاکٹر عبدالرحیم ایل۔ ایس۔ ایم۔ ایف۔ باشندہ علاقہ غیر کا تقرر امتحاناً برائے یکسال ازیوم کارکردگی، بعہدہ ٹھیکیدار ڈسپنسری کی خالی آسامی اسسٹنٹ سرجن پر منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقعہ ۱۴ مئی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ مئی ۱۹۳۶ء میں کاغذات متعلق منظوری رخصت رعایتی ایک ماہ ڈاکٹر ایس بی واحدی صاحب اسسٹنٹ سرجن ازیوم استفادہ بموجب استحقاق مصدقہ اکاونٹ آفس پیش ہو کر طے پایا کہ۔

ڈاکٹر ایس بی واحدی صاحب اسسٹنٹ سرجن کی ایک ماہ کی رخصت رعایتی یوم استفادہ سے منظور کی جاتی ہے۔ کام کا مناسب انتظام صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر کر دیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور- واقع ۱۳ رمئی ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ رمئی ۱۹۳۷ء میں کاغذات بابت تخفیف آسامی ہیڈ جمعدار مشاہرہ دار بارہ ۱۲ روپیہ منظوری عہدہ منصرم کوٹھیات باضافہ تین ۳ روپیہ ماہانہ برائے سعادت یار خاں ہیڈ جمعدار پیش ہوکر طے پایا کہ:-

حسب تجویز عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باتفاق صیغہ فائنانس سعادت یار خاں مشاہرہ دار بارہ ۱۲ روپیہ ماہانہ کی موجودہ آسامی ہیڈ جمعدار تخفیف کی جاتی ہے۔ اور باضافہ تین ۳ روپیہ ماہانہ عہدہ منصرم کوٹھیات قلعہ معلی برائے سعادت یار خاں منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور- واقع ۱۳ رمئی ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ رمئی ۱۹۳۷ء میں کاغذات منظوری مستقل پنشن بابو شیام بہادر صاحب سابق اکاؤنٹنٹ جنرل بقدر ستاون ۵۷ روپیہ بارہ ۱۲ آنہ پیش ہوکر طے پایا کہ:-

حسب تحریک محکمہ فائنانس یکم اگست ۱۹۳۵ء سے مبلغ ستاون ۵۷ روپیہ بارہ ۱۲ آنہ ماہانہ بابو شیام بہادر صاحب سابق اکاؤنٹنٹ جنرل کو مستقل پنشن دلائی جانا منظور ہے۔ اب تک جس قدر رقم غیر مستقل پنشن کی صورت میں دی جا چکی ہے وہ محسوب کر لی جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام مثل کاغذات بغرض عملدرآمد پیش سکشن بخدمت عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر مرسل ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور- واقع ۱۳ رمئی ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ رمئی ۱۹۳۷ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایگزیکٹو انجنیئر پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ بابت منظوری توسیع مدت ملازمت بابو روپ چند سپروائزر ایریگیشن ڈویژن مشاہرہ دار اسی ۸۰ روپیہ از یکم اپریل ۱۹۳۷ء تا ۳۱ مارچ ۱۹۳۸ء پیش ہوکر طے پایا کہ:-

نامبردہ کی مدت ملازمت عارضی میں بشرح اسی ۸۰ روپیہ از یکم اپریل ۱۹۳۷ء تا ۳۱ مارچ ۱۹۳۸ء توسیع منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقع ۱۱ مئی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ مئی ۱۹۳۶ء
میں بتجویز عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر بابت
منظوری تقرر ایک ابتدا استاد بمشاہرہ پچیس روپیہ
ماہوار ازیکم اپریل ۱۹۳۶ء و توسیع میعاد ملازمت عارضی
معاون ابتدا امانت نویس خزانہ از ۱۲ فروری ۱۹۳۶ء
تا ۱۳ مارچ ۱۹۳۶ء بمشاہرہ پچیس روپیہ پیش ہوکر
واضح ہوا کہ معاون ابتدا امانت نویس کی توسیع بحکم مورخہ
۲۳ اپریل ۱۹۳۶ء منظور ہو چکی ہے۔ ایک ابتدا استاد
کے تقرر کی کارروائی برائے چھ ماہ باقی ہے۔

لہذا طے پایا کہ:-

ایک ابتدا استاد کا عارضی تقرر برائے چھ ماہ بمشاہرہ
پچیس روپیہ ازیکم اپریل ۱۹۳۶ء منظور رہے۔ داخل استاد
مستقل بقیہ استاد سابقہ کی کارروائی اس مدت میں ختم
کردیجائے۔ حکم محولہ نسبت توسیع مدت معاون ابتدا
امانت نویس سے کونسل کو اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

رشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل
درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقع ۱۳ مئی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۸ مئی ۱۹۳۶ء میں
بتجویز عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر متعلق منظوری
تقرر کپتان راجچندر سنگھ ازیکم فروری ۱۹۳۶ء بمشاہرہ
نوے روپیہ و دس روپیہ اضافہ ازیکم مئی ۱۹۳۶ء و دس روپیہ سالانہ
گریڈ بحساب دس روپیہ تا دوصد روپیہ پیش ہوکر
واضح ہوا کہ بحکم عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۲۳ اپریل ۱۹۳۶ء نامبردہ کا تقرر بمشاہرہ نوے
روپیہ یکم فروری ۱۹۳۶ء سے منظور ہو چکا ہے۔ حکم میں صراحت
ہے کہ گریڈ کا مسئلہ کونسل سے طے ہوگا۔ لہذا

طے پایا کہ:-

کونسل حکم مذکور سے اتفاق کرتے ہوئے نامبردہ کی
تنخواہ میں دس روپیہ ماہانہ اضافہ یکم مئی ۱۹۳۶ء سے بصورت
خاص اور دس روپیہ سالانہ اضافہ گریڈ تا دوصد روپیہ
منظور کرتی ہے۔

حکم ہوا کہ

رشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک
نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل